# نشاط چونیاں پاور لمیٹڈ

## **ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر**

بروز بدھ، 13 اگست 2025 کو دوپہر 12:00 بجے (PST) ایمپوریم مال، نشاط ہوٹل، ٹریڈ اینڈ فنانس سنٹر بلاک، نزد ایکسپو سنٹر، عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور، پر منعقد ہونے والے نشاط چونیاں پاور لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاس عام میں ڈاک کے ذریعے ووٹنگ برائے خصوصی امور کے لیے۔

چیئرمین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس جس پر صحیح طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے: .chairman@ncpower.com.pk

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| فولیو نمبر/ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ انویسٹر آئی ڈی معہ سب اکاؤنٹ نمبر | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | |
| NICOP, CNIC / پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |
| اضافی معلومات اور ملفوظات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام: | |
| مجاز دستخط کنندہ کا NICOP, CNIC / پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |

میں/ ہم مندرجہ بالا خصوصی قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب خانہ میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر مذکورہ قرارداد پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتا ہوں/ دیتے ہیں:

## **خصوصی قراردادیں**

**خصوصی امور:**

A)۔ "قرار پایا کہ نشاط چونیاں پاور لمیٹڈ (''دی کمپنی'') کے ممبران کی منظوری ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 ملا کر پڑھیں کمپنیز (شریک کمپنیوں یا شریک انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز 2017 کے مطابق اور دیگر ریگولیٹری منظوریوں سے مشروط، اگر اطلاق ہو، نیکس جن آٹو (پرائیویٹ) لمیٹڈ (NexGen)، ایک شریک کمپنی کے ہر ایک -/10 روپے کے 200,000,000 عام حصص کے حصول/ سبسکرپشن کے طریقہ سے وقتاً فوقتاً 2,000 ملین روپے (دو بلین پاکستانی روپے صرف) تک کی طویل مدتی ایکویٹی سرمایہ کاری کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ یہ قرارداد اراکین کی طرف سے منظوری کی تاریخ سے شروع ہو کر دو (2) سال کی مدت کے لیے کارآمد ہوگی اور چیف ایگزیکٹو اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی کے کمپنی سیکرٹری جو کہ تمام کاموں، معاملات، اعمال اور چیزوں کو کرنے کے لیے بااختیار اور واحد مجاز ہوں گے، بشمول کسی بھی یا تمام ضروری قانونی کارروائیوں پر دستخط کرنے کے لیے مذکورہ قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی طور پر ضروری ہو سکتے ہیں۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی وقتاً فوقتاً کمپنی کی طرف سے کی گئی سرمایہ کاری کا ایک حصہ یا تمام ایکویٹی سرمایہ کاری کو کسی بھی موڈ، کے ذریعے تصرف کرنے کی مجاز ہے اور اپنے رائٹ حصص کے ایک حصہ یا اس کے تمام استحقاق کو تصرف کرنے اور/ یا مسترد کرنے کا اختیار رکھتی ہے جیسا کہ اور جب سرمایہ کار کمپنیوں کی طرف سے پیشکش کی جاتی ہے جس میں کمپنی نے ایکویٹی سرمایہ کاری کی ہے اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف یا فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری بذریعہ ہذا کمپنی اور اس کے ممبران کے بہترین مفاد میں جب بھی اور جب وہ مناسب اور ضروری سمجھیں تو رائٹ حصص کے استحقاق کی تقسیم اور/ یا انکار کا فیصلہ لینے کے لیے واحد مجاز ہیں۔

B)۔ قرار پایا کہ نشاط چونیان پاور لمیٹڈ (" کمپنی ") کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 ملا کر پڑھیں کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، 2017 کے مطابق اور دیگر ریگولیٹری منظوریوں، اگر اطلاق ہو، سے مشروط بذریعہ ہذا نیکس جن آٹو (پرائیویٹ) لمیٹڈ (NexGen)، ایک شریک کمپنی، میں، ممبران کی جانب سے منظوری کی تاریخ سے شروع ہونے والے ایک سال کی مدت کے لیے ورکنگ کیپیٹل لون کی شکل میں، -/500,000,000 روپے تک (صرف پانچ سو ملین پاکستانی روپے) کی سرمایہ کاری کرنے کی منظوری دی گئی ہے بشرطیکہ کسی بھی بقایا رقم پر منافع 3 ماہ کراچی انٹر بینک پیشکش کردہ شرح (کائبر) پلس 100bps (جو متعلقہ مدت کے لیے KIBOR یا کمپنی کی اوسط قرض لینے کی لاگت سے کم نہیں ہوگی، جو بھی زیادہ ہو) اور ممبران کو بتائے گئے دیگر شرائط و ضوابط کے مطابق ہوگا۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی کے کمپنی سیکرٹری بااختیار اور واحد مجاز ہیں کہ وہ شریک کمپنی کی ضرورت کے مطابق مذکورہ سرمایہ کاری کا فیصلہ کریں اور تمام ضروری عوامل اور اقدامات کریں، متعلقہ اور ذیلی اقدامات بشمول کسی بھی اور تمام دستاویزات اور معاہدوں کے حوالے سے ضروری کارروائیوں، تمام دستاویزات اور معاہدوں پر عمل درآمد اور وہ چیزیں جو مذکورہ قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا مناسب ہوں۔

میں/ہم مندرجہ بالاخصوصی قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب خانہ میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر مذکورہ قرارداد پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتا ہوں/ دیتے ہیں:

| نمبر شمار | قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل | میں/ہم قراردادوں پر رضامند ہوں/ہیں (FOR) | میں/ہم قراردادوں پر کے خلاف ہوں/ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| 1۔ | خصوصی قرارداد کے مطابق ایجنڈا خصوصی کاروبار (A) (مذکورہ بالا) | | |
| 2۔ | خصوصی قرارداد کے مطابق ایجنڈا خصوصی کاروبار (B) (مذکورہ بالا) | | |
| | | | |

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر دستخط/مجاز کنندہ کے دستخط:
(بصورت کارپوریٹ ادارہ، براہِ مہربانی کمپنی کی مہر ثبت کریں)

مقام:____________________ تاریخ:____________________

**نوٹس:**

1۔ صحیح طریقے سے پُرشدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین کو نشاط ہاؤس، 53-A، لارنس روڈ، لاہور، یا chairman@ncpower.com.pk. پر ای میل بھیجنا چاہیے۔

2۔ CNIC،NICOP / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم 12 اگست 2025 شام 5:00 بجے کو یا اس سے پہلے چیئرمین اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ/ وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں، قابل اطلاق کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 138 یا 139 کے مطابق بیلٹ پیپر فارم لازماً مجاز فرد کے CNIC کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ مختار نامہ/ اتھرائزیشن لیٹر وغیرہ کی مصدقہ کاپی کے ہمراہ ہونا چاہئے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کی صورت میں، تمام دستاویزات رکن کی جورسڈکشن کے پاکستان کے کونسل جنرل سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔

5۔ پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC،NICOP / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

6۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔